2025-01-19

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں                    آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

-------------------------------------------------------------

-1 وزیر اعظم نریندر مودی آج دن میں 11 بجے آکاشوانی پر ’من کی بات‘ پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

-2 CBI کی ایک عدالت نے، ہماچل پردیش کے شملہ ضلعے میں Kotkhai عصمت دری اور قتل معاملے میں ایک IGP سمیت 9 پولیس اہلکاروں کو قصوروار قرار دیا ہے۔

-3 Google اور Boston Consulting گروپ نے کہا ہے کہ بھارت کی موبیلٹی مارکیٹ 2030 تک دوگنی ہو کر 600 بلین امریکی ڈالر سے تجاوز کر جائے گی۔

-4 پنجاب، ہریانہ، دلّی، اترپردیش اور راجستھان میں آج گھنا کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔

-5 غزہ میں، اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی سمجھوتے پر، آج بھارتی وقت کے مطابق دوپہر 12 بجے سے عمل ہوگا۔

-6 اور بھارتی مردوں اور خواتین کی ٹیمیں نئی دلّی میں کھو کھو عالمی کپ کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Mann Ki Baat

وزیر اعظم نریندر مودی آج دن میں 11 بجے آکاشوانی پر ’من کی بات‘ پروگرام میں ملک اور بیرونِ ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 118 واں نشریا ہوگا۔

یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن، AIR نیوز کی ویب سائٹ اور نیوز آن AIR موبائل ایپ کے تمام تر نیٹ ورک پر نشر کیا جائے گا۔ یہ پروگرام AIR نیوز، DD نیوز، PMO اور

اطلاعات و نشریات کی وزارت کے یو ٹیوب چینلوں پر بھی براہِ راست نشر کیا جائے گا۔ ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی اسے علاقائی زبانوں میں نشر کرے گا۔×

PM Cultural Centre

وزیر اعظم نریندر مودی نے، جافنا میں بھارت کی مدد سے تعمیر کیے گئے، روایتی ثقافتی مرکز کو Thiruvalluvar ثقافتی مرکز کا نام دیے جانے کا خیر مقدم کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ یہ بھارت اور سری لنکا کی عوام کے درمیان گہرے ثقافتی، لسانیاتی، تاریخی اور تہذیبی رشتوں کا بھی عکاس ہے۔×

Shah Andhra Pradesh Visit

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج آندھرا پردیش کے وِجے واڑہ میں National Disaster Response Force(NDRF) کی 20 ویں یومِ تاسیس تقریبات میں شرکت کریں گے۔ NDRF، 'آپدا سیوا سدیو سروَتر' کے مقصد کے ساتھ آفات سے نمٹنے کے لیے عالمی سطح کی مخصوص سب سے بڑی فورس ہے۔ وزیر داخلہ 220 کروڑ روپے مالیت کے پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد بھی رکھیں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Sri Sai

NDRF کے قیام کے، 20 سال مکمل ہونے کے موقع پر مرکزی وزیر داخلہ اور امدادِ باہمی کے وزیر امت شاہ آج آندھرا پردیش کے کرشنا ضلعے میں Konda,pavuluru کے مقام پر نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ڈزاسٹر مینجمنٹ NIDM کے جنوبی کیمپس کا افتتاح کریں گے۔ یہ نیا کیمپس قدرتی آفات سے نمٹنے کا ڈھانچہ تیار کرنے اور آفات کے بندوبست کے لیے ہلاکتوں سے مکمل طور پر بچنے کے موقف کی سمت بھارت کو لے جانے کے وزیر اعظم نریندر مودی کے وِژن میں مزید تعلیم، تحقیق اور تربیت فراہم کرے گا۔ وزیر داخلہ وِجے واڑہ میں NDRF کی 10ویں بٹالین کیمپس کا بھی افتتاح کریں گے اور بہار کے Supaul میں نویں بٹالین کے ریجنل ریسپونس سینٹر کا بھی ورچوئل وسیلے سے افتتاح کریں گے۔

وزیر داخلہ حیدرآباد میں نیشنل پولیس اکیڈمی NPA میں جدید قسم کے Intergrated Indoor Shooting Range کے لیے بھی ورچوئل وسیلے سے سنگِ بنیاد رکھیں گے۔

وِجے واڑہ سے سری سائی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں …………

Himachal Kothai Case

چنڈی گڑھ کی CBI عدالت نے ہماچل پردیش کے شملہ ضلعے میں سال 2017 کے کوٹ کھائی آبروریزی اور قتل معاملے کے ایک ملزم، سورج کے حراستی قتل معاملے میں انسپیکٹر

جنرل آف پولیس ظہور حیدر زیدی اور آٹھ دیگر پولیس اہلکاروں کو قصوروار قرار دیاہے۔ سپریم کورٹ کی ہدایت کے مطابق چنڈی گڑھ کی CBI عدالت میں یہ مقدمہ چلایا گیا۔ اِس معاملے میں سزا کا اعلان 27 جنوری کو ہوگا۔ قصوروار قرار دیے جانے کے بعد IG ظہور حیدر زیدی اور آٹھ دیگر پولیس اہلکاروں کو حراست میں لے لیا گیا۔

دوسری جانب ثبوتوں اور گواہوں کے بیانات کی کمی کے سبب اُس وقت کے ایس پی، DW Negi کو بری کردیا گیا۔گڑیا قتل معاملے کے 14 دن بعد کوٹ کھائی پولیس اسٹیشن کے لاک اَپ میں ملزم سورج کا قتل کردیا گیا تھا۔x

## Saif Attacker

ممبئی میں، اداکار سیف علی خان پر حملے میں ملوث ایک مشتبہ شخص کو 36 گڑھ میں Durg ریلوے اسٹیشن سے گرفتار کیا گیا ہے۔ حراست میں لیے گئے ملزم کی شناخت آکاش کنّوجیا کے طور پر ہوئی ہے، جو ممبئی سے کولکاتہ جانے والی گیانیشوری ایکسپریس میں سوار تھا۔

## Punjab Protest

مرکز نے احتجاج کر رہے کسانوں کے مطالبات پر تبادلہ خیال کے لیے 14 فروری کو چنڈی گڑھ میں اُن سے ملاقات کی تجویز پیش کی ہے۔ محکمہٴ زراعت اور کسانوں کی بہبود کی جوائنٹ سکریٹری پریا رنجن کی قیادت میں مرکزی حکومت کے افسران کے ایک وفد نے بھوک ہڑتال کر رہے کسان رہنما جگجیت سنگھ ڈلّیوال اور دیگر سے کَل شام ملاقات کی اور انھیں 14 فروری کو چنڈی گڑھ میں بات چیت کی دعوت دی۔x

## Indian Mobility Market

بھارتی موبلٹی صنعت کا حجم، سال 2030 تک دوگنا ہوکر 600 ارب امریکی ڈالرس کو پار کرجانے کا امکان ہے۔ چھ روزہ بھارت موبلٹی آٹو ایکسپو میں گوگل اور بوسٹن کنسلٹنگ گروپ کی جانب سے جاری مشترکہ رپورٹ میں یہ بات کہی گئی۔ Think Mobility Report کے عنوان کے تحت انکشاف کیا گیا ہے کہ موبلٹی کے شعبے کو روایتی اور ابھرتے ہوئے آمدنی ذرائع سے تقویت ملے گی۔ رپورٹ کے مطابق الیکٹرک گاڑیوں کے میدان میں 52 فیصد فیصلوں پر خواتین اثر انداز ہورہی ہیں۔ الیکٹرک گاڑیوں نے 38 فیصد انٹرنل کمبسشن انجن، ICE گاڑیوں کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ رپورٹ نے اس بات کی نشاندہی کی ہے کہ بھارت میں مانگ کا تناسب کافی زیادہ ہے، جن میں 80 فیصد، انفوٹینمینٹ، ریئل ٹائم پارکنگ مدد اور چوری سے بچنے جیسی خصوصیات شامل ہیں۔

دوسری جانب اِس سے متعلق عالمی طور پر مقبول فیچرس جیسے ریموٹ کنٹرولس کی مانگ نسبتاً کم ہے۔x

India Economy

عالمی بینک نے بھارت کیلئے چھ اعشاریہ سات فیصد کی ترقی کا اندازہ ظاہر کیا ہے، جو دو اعشاریہ سات فیصد کی عالمی ترقی سے کہیں زیادہ ہے۔ عالمی بینک کے عالمگیر اقتصادی امکانات GEP کے جنوری 2025 کے ایڈیشن کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بھارت، عالمی اقتصادی منظر نامے پر غلبہ حاصل کرنے کیلئے پوری طرح تیار ہے اور یہ اگلے دو مالی برسوں میں تیزی سے ابھرتی ہوئی ایک بڑی معیشت کا اپنا درجہ برقرار رکھے گا۔

اس رپورٹ میں، ملک کے خدمات کے شعبے میں، جامع ترقی رہنے کے امکان کو ظاہر کیا گیا ہے جبکہ مینوفیکچرنگ سرگرمیاں مستحکم ہوں گی۔ ملک میں، نجی کھپت میں تیزی آنے کا بھی امکان ہے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Mahakumbh Tourism

اب خبریں مہاکمبھ سے

Montage Opening Maha Kumbh

پریاگ راج میں جاری مہاکُمبھ میلے 2025 میں، عقیدتمندوں اور یاتریوں کی بھاری بھیڑ دیکھی جا رہی ہے۔ 7 کروڑ 72 لاکھ سے زیادہ عقیدتمند اور یاتری اب تک اس مہاکُمبھ میں حصہ لے چکے ہیں اور یاتریوں نے تریوینی سنگم میں ڈُبکی لگائی ہے۔ مہاکُمبھ میلہ سنگم کے علاوہ پورے اترپردیش میں سیاحت کا بھی آغاز ہو گیا ہے۔

ایک رپورٹ

V/C - Anand Kumar

â

S/B - Tapan Roy

Closing Montage

IMD Weather

بھارت کے محکمہٴ موسمیات IMD نے، آج پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، اترپردیش اور راجستھان کے دوردراز کے مقامات پر گھنا کہرا چھائے رہنے کے امکان کی پیشگوئی کی ہے۔ مدھیہ پردیش، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، سکّم میں کل تک اور آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں اس مہینے کی 21 تاریخ تک اسی طرح کے موسم کے حالات رہنے کا امکان ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ امکان ہے کہ مدھیہ پردیش کے دوردراز کے مقامات پر آج سخت سردی رہے گی۔

موسمیات کے محکمے نے تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائکل اور ماہے میں دور دور تک شدید بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔

کیرالہ اور ماہے میں تیز ہواؤں کے جھکّڑ کے ساتھ دور دور تک گرج چمک ہونے جبکہ تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائکل میں آج بہت سے مقامات پر بجلی چمکنے کا بھی امکان ہے۔ IMD نے مزید کہا ہے کہ Comorin علاقے اور خلیجِ منّار سے متصل علاقے میں، 35 سے 45 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے تیز ہواؤں کے جھکّڑ کے ساتھ طوفان اور بادو باراں کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ ماہی گیروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ اِن علاقوں میں مچھلیاں پکڑنے نہ جائیں۔×

J&K Weather

سری نگر کے موسمیات کے محکمے نے آج سری نگر میں عام طور پر مطلع ابر آلود رہنے اور دیگر کہیں موسم میں کوئی خاص تبدیلی نہ ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ البتہ دوردراز کے مقامات بالخوص جموں و کشمیر میں آج بلند و بالا مقامات پر دور دور تک ہلکی برفباری کے ساتھ عام طور پر بادل چھائے رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ کشمیر میں سخت سردی کی مدّت چِلّئی کلاں کے تحت زیادہ تر خطّوں میں درجہٴ حرارت نقطہٴ انجماد سے نیچے چل رہا ہے۔

ایک رپورٹ

V/C Tariq Rather

Netanyahu Gaza Deaser Deal

اسرائیل اور حماس کے درمیان ہوا جنگ بندی سمجھوتہ، بھارتی وقت کے مطابق آج دوپہر بارہ بجے سے نافذ ہوجائے گا۔ اس سے پہلے کل اسرائیل کی سلامتی سے متعلق کابینہ نے غزہ جنگ بندی سمجھوتے کو منظوری دی۔ معاہدے میں، اسرائیلی جیلوں میں قید فلسینی قیدیوں کے بدلے، حماس کے ذریعے یرغمال بنائے گئے درجنوں اسرائیلیوں کو رہا کیا جانا اور گذشتہ 15مہینوں سے جاری تنازعے کو عارضی طور پر روک دینا شامل ہے۔

تاہم جنگ بندی سمجھوتے کے اطلاق سے کچھ گھنٹے پہلے اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو نے کہا کہ غزہ جنگ بندی عارضی ہو سکتی ہے اور اسرائیل، غزہ میں لڑائی جاری رکھنے کا حق رکھتا ہے۔

انھوں نے حماس سے کہا کہ وہ اُن 33 یرغمال افراد کی فہرست فراہم کرے جنھیں آج پہلے مرحلے میں رہا کیا جائے گا۔

جنگ بندی سمجھوتے کے پہلے مرحلے کے تحت حماس، پچاس سال سے زیادہ عمر کے یرغمال افراد، بچوں اور خواتین سمیت کُل 33 یرغمال افراد کو رہا کرنے پر راضی ہو گیا ہے۔

اِس کے جواب میں اسرائیل، حماس کی جانب سے رہا کی جانے والی ہر خاتون اسرائیلی فوجی کے بدلے 50 فلسطینی قیدیوں کو رہا کرے گا۔ وہیں ہر خاتون یرغمال کے بدلے 30 فلسطینیوں کو رہا کرے گا۔x

## South Korea Prez Warrant

جنوبی کوریا میں عدالت نے تین دسمبر کو ملک میں مارشل لاء نافذ کرنے کے متنازعہ فیصلے پر معزول صدر Yoon Suk Yeol کے خلاف آج گرفتاری وارنٹ جاری کیا ہے۔ Yoon کی جانب سے ثبوتوں کو ضائع کیے جانے کے خدشات کے درمیان طویل غوروخوض کے بعد Seol Western District Court نے گرفتاری وارنٹ کو منظوری دی۔ Yoon کو گرفتار ہونے کے بعد لمبے وقت کے لیے جیل میں رہنا پڑ سکتا ہے اور یہ مدت کئی مہینے پر محیط ہو سکتی ہے۔

Yoon کو قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے بڑے پیمانے پر چلائے گئے آپریشن کے بعد بدھ کے روز اُن کے گھر سے گرفتار کیا گیا۔ اُنھیں مارشل لاء کا اعلان کرتے ہوئے ممکنہ بغاوت کے الزامات کا سامنا ہے۔

1980 کی دہائی میں جمہوریہ بننے کے بعد سے یہ جنوبی کوریا کا سب سے شدید سیاسی بحران ہے۔x

## Nigeria Tanker Explosion

نائیجریا میں ایک پیٹرول ٹینکر کے پلٹ جانے کے بعد بہتے ایندھن میں ہوئے دھماکے میں 77 لوگ ہلاک اور کئی زخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ شمال وسطی نائیجر ریاست کے سُلیجا علاقے میں رونما ہوا۔ دھماکہ اُس وقت ہوا جب پلٹ گئے ٹینکر سے لوگ ایندھن جمع کر رہے تھے۔

اِس حادثے میں درجنوں افراد ہلاک اور 25 دیگر زخمی ہوئے ہیں، جن میں بچاؤ کارکن بھی شامل ہیں۔ زخمیوں کاقریبی اسپتالوں میں علاج جاری ہے۔x

## Khokho World Cup

کھوکھو عالمی کپ میں بھارت کے مردوں اور خواتین کی ٹیمیں سیمی فائنل میں زبردست کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے بعد فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

بھارت کے مردوں کی ٹیم نے ایک دلچسپ مقابلے میں کل شام نئی دلی میں جنوبی افریقہ کو 42-62 سے ہرا دیا۔ فائنل میں بھارت کے مردوں کی ٹیم کامقابلہ نیپال سے ہوگا۔

اس دوران خواتین کی بھارتی ٹیم نے بھی سیمی فائنل میں جنوبی افریقہ کو 66-16سے شکست دی۔ خواتین کی بھارتی ٹیم کا بھی فائنل میں نیپال سے مقابلہ ہوگا۔x

## Hockey India League

ہاکی انڈیا لیگ میں کل رانچی میں مرنگ گومکے جے پال سنگھ منڈا اسٹیڈیم میں یوپی ردراس نے ٹیم Gonasika کو ایک۔صفر سے ہرا دیا۔ اس شاندار جیت کے ساتھ یوپی ردراس لیگ کے پہلے مرحلے کے اختتام پر پوائنٹس ٹیبل میں تیسرے مقام پر آگئی ہے۔ یوپی ردراس کی جیت کی قیادت کپتان ہاردک سنگھ نے کی جنھوں نے ٹیم کے لیے واحد گول کیا۔

ایک دیگر میچ میں حیدرآباد طوفانز نے شاندار کارکردگی کے ساتھ لیگ لیڈر تمل ناڈو ڈریگنز کو چار۔صفر سے ہرا دیا۔ حیدرآباد طوفانز کی یہ جیت، تمل ناڈو ڈریگنز کے لیے سیزن کی پہلی شکست ہے۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ضمیر رضوی

شکریہ - آسیہ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے وزیراعظم مودی کے ذریعے پراپرٹی کارڈز تقسیم کئے جانے کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ ملاپ کی شہ سرخی ہے ”سوامتو اسکیم“ کے تحت وزیراعظم مودی نے 65 لاکھ سے زیادہ پراپرٹی کارڈ تقسیم کیے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس 31 جنوری 2025 سے شروع ہونے کی خبر کو نمایاں طور پر پیش کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے لوک سبھا اسپیکر کے 20 جنوری کو پریزائیڈنگ آفیسر کانفرنس کا افتتاح کرنے کی خبر کو صفحہئ اول پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کی شہ سرخی ہے: آرجی کر آبروریزی و قتل معاملے میں سنجے رائے قصوروار قرار۔

عالمی خبروں میں روزنامہ انقلاب کی ایک اہم خبر ہے: اسرائیلی کابینہ نے قیدیوں کے تبادلے و جنگ بندی کو منظوری دے دی۔

اسی اخبار کی اس سلسلے میں ایک اور اہم خبر ہے۔ ڈبلیو ایچ او نے غزہ میں طبی سہولتوں سے آراستہ اسپتالوں کے قیام کا اعلان کیا۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کی ایک اہم خبر ہے: ایران اور روس کے درمیان جامع اسٹریٹیجک پارٹنر شپ کا معاہدہ۔

روزنامہ ملاپ نے نائیجیریا میں آئل ٹینکر میں دھماکہ اور 20 افراد کے ہلاک ہونے کی خبر کو نمایاں طور پر پیش کیا۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج دن میں 11 بجے آکاشوانی پر ’من کی بات‘ پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

2- CBI کی ایک عدالت نے، ہماچل پردیش کے شملہ ضلعے میں Kotkhai عصمت دری اور قتل معاملے میں ایک IGP سمیت 9 پولیس اہلکاروں کو قصوروار قرار دیا ہے۔

3- Google اور Boston Consulting گروپ نے کہا ہے کہ بھارت کی موبیلٹی مارکیٹ 2030 تک دوگنی ہو کر 600 بلین امریکی ڈالر سے تجاوز کر جائے گی۔

4- پنجاب، ہریانہ، دلّی، اترپردیش اور راجستھان میں آج گھنا کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔

5- غزہ میں، اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی سمجھوتے پر، آج بھارتی وقت کے مطابق دوپہر 12 بجے سے عمل ہوگا۔

6- اور بھارتی مردوں اور خواتین کی ٹیمیں نئی دلّی میں کھو کھو عالمی کپ کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔